[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**H**

**Sr. No. of Question Paper : 6150**

Unique Paper Code : 2145001005

Name of the Paper : Study of Urdu Prose – I

**Name of the Course : GE : Common Prog. Group**

Semester : II

Duration : 3 Hours                                        Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ:   مندرجہ ذیل میں سے صرف چھ سوالوں کے جواب لکھئے پہلا سوال لازمی ہے نمبر مساوی ہیں۔

1   مندرجہ ذیل نثری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

**(الف)**

بہت بڑھیاں دیکھیں کہ بدن کی جھریاں پھینک رہی تھیں۔ چند نوجوان اپنی کالی رنگت، کچھ موٹے موٹے ہونٹ، اکثر ایسے میل جمے ہوئے دانت پھینکتے تھے کہ جنہیں دیکھ کر شرم آتی تھی۔ مگر مجھے یہی حیرت تھی کہ اس پہاڑ میں سب سے زیادہ جسمانی عیب تھے۔ ایک شخص کو دیکھتا ہوں کہ اس کی پیٹھ پر بھاری سے بھاری اور بڑے سے بڑا بوجھ ہے، مگر خوشی خوشی اٹھائے چلا آتا ہے۔ جب پاس آیا، معلوم ہوا کہ یہ ایک کبڑا ہے اور آدم زاد کے انبار رنج والم میں اپنے کبڑے پن کو پھینکنے آیا ہے کہ اس کے نزدیک اس سے زیادہ کوئی مصیبت نہیں۔ اس انبار میں انواع واقسام کے سقم اور امراض بھی تھے جن میں بعض اصلی تھے اور بعض ایسے تھے کہ غلط فہمیوں نے خواہ انہیں سمجھ لیا تھا۔ ایک بوجھ مجھے اور نظر آیا۔ جو امراض آدم زاد پر عارض ہوتے ہیں، ان سب کا مجموعہ تھا۔ یعنی بہت سے حسین نوجوان تھے کہ اپنے ہاتھوں کی کمائی یعنی امراض نوجوانی ہاتھوں میں لیے آتے تھے۔ مگر میں فقط ایک ہی بات میں حیران تھا، اور وہ یہ تھی کہ اتنے بڑے انبار میں کوئی بیوقوفی یا بداطواری پڑی ہوئی نہ دکھائی دی۔

**(ب)**

جس قدر تہذیب میں ترقی ہوتی ہے اسی قدر اس تکرار میں کمی ہوتی ہے کہیں غرفش ہو کر رہ جاتی ہے، کہیں توں تکار تک نوبت آجاتی ہے، کہیں آنکھیں بدلنے اور ناک چڑھانے اور جلدی جلدی سانس چلنے ہی پر خیر گزر جاتی ہے، مگر ان سب میں کسی نہ کسی قدر کتوں کی مجلس کا اثر پایا جاتا ہے۔ پس انسان کو لازم ہے کہ اپنے دوستوں سے کتوں کی طرح بحث وتکرار کرنے سے پرہیز کرے۔

انسانوں میں اختلاف رائے ضرور ہوتا ہے اور اس کے پرکھنے کے لیے بحث ومباحثہ ہی کسوٹی ہے اور اگر سچ پوچھو تو بے مباحثہ اور دل لگی کے آپس میں دوستوں کی مجلس بھی پھیکی ہے، مگر ہمیشہ مباحثہ اور تکرار میں تہذیب وشائستگی، محبت اور دوستی کو ہاتھ سے دینا نہ چاہیے۔

2 اردو میں افسانہ کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

3 اردو میں مضمون نگاری کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیجئے۔

4 اردو میں انشائیہ نگاری کی تاریخ پر مضمون لکھیے۔

5 سرسید کی نثر نگاری کا جائزہ لیجئے۔

6 خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

7 افسانہ ''پوس کی ایک رات'' کا تجزیہ کیجئے۔

8 افسانہ ''چوتھی کا جوڑا'' پر اظہار خیال کیجئے۔

9 افسانہ ''نیا قانون'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(300)